© rasailojaraid.com

ورنہ :- "وزرائے حیدرآباد دستان سخت میں فطرت کی تعزیریں"

افسوس ہے گزشتہ ماہ اگست کی ۲۷ رکو مولانا مسعود علی صاحب ندوی اسّی برس کی عمر میں کئی سال کی علالت و ناکارہ رفتگی کے بعد رہگزائے عالم جاودانی ہو گئے۔ مرحوم ندوۃ العلما کے فارغ التحصیل اور مولانا شبلی کے تلامذہ میں ... تھے۔ دارالمصنفین اعظم گڈھ جو آج ایشیا کا عظیم الشان اسلامیات کا ادارہ ہے اُس کے علمی سربراہ اور روح و رواں اگر مولانا سید سلیمان ندویؒ تھے تو تنظیمی و تعمیری حیثیت سے مرحوم اس کے سیر ماروں تھے قدرت نے انھیں انتظامی صلاحیتیں اعلیٰ درجہ کی بخشی تھیں اور انھوں نے ان صلاحیتوں کو دارالمصنفین کے لئے وقف کر دیا تھا۔ چنانچہ ادارہ کی مطبوعات کی اعلیٰ کتابت و طباعت۔ اُس کی شاندار اور خوشنما تعمیرات۔ اور کاروباری حیثیت سے اُس کا خود کفیل ہونا یہ سب مرحوم کی کوششوں اور حسن سلیقہ و انتظام کا نتیجہ ہے۔ یوں بھی بڑے خوش مزاج۔ مہمان نواز اور موقع شناس انسان تھے۔ ملک کے مشہور ہندو مسلم زعما سے ان کے گہرے تعلقات تھے۔ ادھر چند برسوں سے مسلسل علالت کے باعث عضوِ معطل سے ہو گئے تھے۔ لیکن جب تک دارالمصنفین قائم ہے اُن کا نام زندہ اور روشن رہے گا۔ اللہ تعالیٰ انھیں مغفرت و بخشش کی نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔

ندوۃ المصنفین دہلی اور برہان ایک ربع صدی سے زیادہ سے اسلامی علوم و فنون کی جو خدمات انجام دے رہے ہیں ارباب نظر سے وہ مخفی نہیں ہیں۔ آج اس ادارہ کی کتابیں اور اُس کا مجلّہ نہ صرف انڈو پاک کے علمی اور اسلامی حلقوں میں عزت و وقعت کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں بلکہ امریکہ۔ یورپ اور افریقہ کے ارباب علم و دانش کے ہاں بھی انھیں اعتبار خاص حاصل ہے۔ اور مستشرقین کی کتابوں میں ان کے حوالے درج ہوتے ہیں۔ لیکن یہ سب کچھ کس طرح ہوتا رہا ہے؟ اس پر کسی نے توجہ نہیں کی۔ صورت حال یہ ہے کہ ۱۹۴۷ء کے ہنگامہ میں مکمل طور پر آتش زدہ و تباہ ہونے کے باوجود آج تک اس ادارہ کو نہ حکومت کی کوئی امداد حاصل ہے اور نہ کسی ریاست کی سرپرستی۔ نہ اس کے لئے کوئی وقف ہے نہ جائداد۔ اس کی آمدنی کا ذریعہ لے دے کے صرف اس کا کاروبار ہے "برہان" مدت سے مسلسل خسارہ میں چل رہا ہے۔ لیکن اس کو کاروبار کے سہارے سخت دشواریوں اور زحمتوں کے باوجود کسی نہ کسی طرح برداشت کیا جاتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رہا لیکن اب پاکستان کے ساتھ کاروبار کرنے پر طرح طرح کی پابندیوں اور پھر موجودہ ہوش ربا گرانی کے باعث جس نے پورے نظامِ زندگی کو درہم برہم کر کے رکھ دیا اور ہر چیز کو غیر معمولی طور پر متاثر کر دیا ہے۔ یہ صورت حال بالکل ناقابلِ برداشت ہو گئی ہے اور اب اس کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے کہ یا تو ادارہ اور "برہان" کو بند کر دیا جائے اور یا کتابوں کی قیمت اور "برہان" کے چندہ میں اضافہ کیا جائے۔ ہمیں یقین ہے کہ پہلی صورت کو ندوۃ المصنفین اور "برہان" کے قدر دان کبھی گوارا نہ کریں گے۔ اس بنا پر دوسری صورت پر عمل کرنے کے سوا کوئی اور راہ نہیں ہے۔ چنانچہ اعلان کیا جاتا ہے کہ

(۱) جنوری ۱۹۷۶ء سے "برہان" کے صفحات بجائے ۶۴ کے ۷۲ ہوں گے یعنی آٹھ صفحات کا اضافہ ہو گا اور بدل اشتراک ۱۸ روپیہ سالانہ۔

(۲) احبا جن کو کتاب بلا جلد نصف قیمت پر دی جاتی ہے ان کی سالانہ فیس بجائے دس کے پندرہ ۱۵ ہو گی۔

(۳) معاونِ عام کی سالانہ فیس بیس ۲۰ روپیہ کے بجائے پچیس ۲۵ روپیہ ہو گی

(۴) معاون کی سالانہ فیس تیس ۳۰ روپیہ کے بجائے چالیس ۴۰ روپیہ ہو گی

قارئین اندازہ کر سکتے ہیں کہ جس شرح سے گرانی بڑھی ہے مذکورہ بالا اضافہ اُس سے بہت کم ہیں۔ علاوہ ازیں یہ اضافے کافی نہیں ہیں۔ جو حضرات ندوۃ المصنفین اور "برہان" کے صحیح قدر دان ہیں انھیں اپنے اپنے حلقوں میں خریداروں میں توسیع کی کوشش کرنی چاہئے ورنہ محض اضافوں کے سہارے اس کا قائم رہنا مشکل ہے۔

گذشتہ اشاعت میں "اریٹریا کی تاریخ" پر جو مضمون شائع ہوا ہے اس پر غلطی سے ادارہ کی طرف سے حسب ذیل نوٹ شائع نہ ہو سکا جس کا افسوس ہے:-

"سال گذشتہ ماہ اکتوبر میں قاہرہ میں جو تیسری المؤتمر الاسلامی منعقد ہوئی تھی اُس میں اریٹریا کے امیر الوفد نے ایک بیان پڑھا تھا جس میں اس ملک کی تاریخ پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ ڈاکٹر عبد العلیم خاں کا یہ مقالہ اصلاً مذکورہ بالا تحریر کا آزاد مگر ملخص ترجمہ ہے اور ساتھ ہی موصوف نے ادھر ادھر اضافے بھی کئے ہیں جس کے حوالے مضمون میں مذکور ہیں۔ موصوف نے یہ مضمون اس ترتیب کے ساتھ ایڈیٹر "برہان" کی فرمائش پر تیار کیا ہے۔"

© rasailojaraid.com